रोल नं. | | | | | | | | |

मुद्रित पृष्ठों की संख्या : 4

**106**

**406(IOE)**

# 2022

# उर्दू

## اردو

**समय : 3 घण्टे]** **[पूर्णांक : 100**

نوٹ: 1۔طالب علم اپنے سوال نامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

2۔اپنے سوال نامے کو جانچ لیں کہ تمام صفحات اور سوالات کی اتنی تعداد ہے جتنی اوپر لکھی گئی ہے۔

3۔حصہ ''الف'' اور حصہ ''ب'' سے سبھی سوالات حل کرنا ضروری ہے۔

4۔سوالات کے جواب میں، جس سوال کا جو نمبر ہے جواب میں وہی نمبر لکھیں۔

5۔صاف ستھری اور خوش خط تحریر میں جواب لکھیں۔

### ''حصّہ الف''

سوال نمبر:1 غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھیں اور پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیں: 10

کبیر داس پڑھے لکھے نہ تھے۔ نہ انہوں نے کسی مکتب میں باقاعدہ تربیت حاصل کی تھی۔ ممکن ہے ہندو دھرم، تصوف اور اسلام کے رموز کا علم انہیں سوامی رامانند اور شیخ پیر تقی کی مجلسوں اور صحبتوں سے حاصل ہوا۔ وہ ایک سچے خدا پرست انسان تھے۔ انھیں مال و دولت کا لالچ تھا نہ جسمانی آرائش سے کوئی رغبت تھی۔ دنیا کی ساری آسائشیں ان کے سامنے ہیچ تھیں۔ کبیر داس نے عوام الناس میں پھیلے ہوئے کئی بھرم توڑے۔ ظاہر پرستوں کے ڈھونگ اور خود غرضیوں کا پردہ چاک کیا۔ انہیں سنیاسیوں، بھگتوں اور صوفیوں کی سنگت پسند تھی۔ حاکموں، دولت مندوں اور رسوم کے مارے ہوئے لوگوں سے انھیں کوئی غرض نہ تھی۔ مذہب کے ٹھیکے داروں، پنڈتوں، پروہتوں اور مولوی سے وہ دور بھاگتے تھے۔



Downloaded from cclchapter.com

Downloaded from cclchapter.com

۱۔ اس پیراگراف کو پڑھ کر اسکا خلاصہ پانچ لائینوں میں لکھئے؟

۲۔ ان الفاظ کے معنی لکھئے:

مکتب　　تصوف　　بھرم

۳۔ کبیر داس کو کن لوگوں کی صحبت پسند نہیں تھی؟

۴۔ کبیر داس کو کن لوگوں کی صحبت پسند تھی؟

۵۔ کبیر داس کو کن لوگوں سے کوئی غرض نہیں تھی؟

سوال نمبر.2 مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر کم از کم 300 سو لفظوں میں مضمون لکھیں: 20

(i) بڑھتی آبادی، گھٹتے روزگار

(ii) مادری زبان میں ابتدائی تعلیم اور اس کے فائدے

(iii) آج کا سیاسی ماحول اور ہندوستان کا مستقبل

(iv) کھیل صحت کے لئے کتنے اہم

(v) سائنس کی اہمیت اور ہم

سوال نمبر.3 آپ کو شادی میں جانا ہے آپ کے امتحان ہونے والے ہیں۔ شادی میں جانے کی اجازت لینے کے لئے اپنے پرنسپل کو درخواست لکھئے؟ 15

یا

اپنے محلہ میں پھیلی گندگی کی صفائی کے لئے نگر پالیکا کو ایک درخواست لکھئے؟

سوال نمبر.4 مندرجہ ذیل نظم کی لائینوں کا خلاصہ لکھئے: 15

دنیا کی محفلوں سے اُکتا گیا ہوں یا رب
کیا لطف انجمن کا جب دل ہی بجھ گیا ہو
شورش سے بھاگتا ہوں دل ڈھونڈتا ہے میرا
ایسا سکوت جس پر تقریر بھی فدا ہو
مرتا ہوں خاموشی پر یہ آرزو ہے میری

Downloaded from cclchapter.com

دامن میں کوہ کے ایک چھوٹا سا چھوپڑا ہو

حصہ "ب"

سوال نمبر.5 7

ہاتھی جب ایک جگہ سے دوسری جگہ سفر کرتے ہیں تو عموماً پورا قبیلہ آگے پیچھے جھنڈ بنا کر چلتا ہے۔ سب سے آگے کوئی بزرگ ہاتھی، اس کے پیچھے بچوں والی مائیں، ماؤں کے دائیں بائیں چھوٹے چھوٹے بچے لگے ہوئے۔ ان کے پیچھے قبیلہ کا سردار کسی بھی خطرے کا سامنا کرنے کے لئے پوری طرح چوکس اور سردار ہاتھی کے پیچھے کچھ فاصلے کے ساتھ نوجوان اور نوعمر ہاتھیوں کی ٹولی اس لئے کہ کہیں ابا حضور ناراض ہوکر خواہ مخواہ کسی کے گھونسا نہ جڑ دیں۔ اگر منزل پہنچنے کی جلدی نہ ہو تو رفتار دس کلومیٹر سے زیادہ نہیں۔ لیکن ہنگامی حالات میں ایک گھنٹے میں 25 کلومیٹر آسانی سے طے کر لیتے ہیں۔

(i) ہاتھیوں کے سفر کرنے کا کیا طریقہ ہے؟

(ii) قبیلہ کا سردار کون ہوتا ہے؟

(iii) ہنگامی حالات میں ہاتھیوں کی رفتار کتنی تیز ہوتی ہے؟

(iv) ہاتھی کے چھوٹے بچے کس کے دائیں بائیں چلتے ہیں؟

یا

سب بچھو ایک جیسے زہریلے نہیں ہوتے۔ اس وقت دنیا میں ان کی تقریباً چھ سو قسمیں ملتی ہیں۔ سانپ کی طرح ان میں بھی کچھ میں زہر نہیں ہوتا۔ اس طرح بعض کم اور بعض زیادہ زہریلے ہوتے ہیں۔ دراصل زہر کا تعلق ان کی نسل اور ان کے سائز سے بھی ہے۔ مثلاً بچھوؤں کی زیادہ قسمیں ایسی ہیں جنھیں خطرناک نہیں مانا جاتا۔ ان کے ڈنک سے تکلیف تو ہو سکتی ہے۔ لیکن جان جانے کا خطرہ نہیں ہوتا البتہ بعض گرم ملکوں کے بچھو جیسے مصر کے بچھو یا افریقہ کے دوسرے ملکوں اور عرب ممالک کے بچھو بڑے خطرناک ہوتے ہیں۔ بچوں اور بوڑھوں پر ان کا زہر سانپ کی طرح اثر کرتا ہے۔

(i) دنیا میں بچھوؤں کی کتنی قسمیں ملتی ہیں؟

(ii) بچھوؤں میں زہر ہونے اور نہ ہونے کا تعلق کس بات سے ہے؟

(iii) کس عمر کے افراد پر بچھو کا زہر تیزی سے اثر کرتا ہے؟

(iv) زیادہ خطرناک بچھو کن ملکوں میں پائے جاتے ہیں؟

(v) کیا بچھو کے ڈنک مارتے ہی جان جا سکتی ہے؟ وجہ بتائیے۔

سوال نمبر 6۔ ''جنگل کی ایک رات'' کتاب میں آپ کو کون سا جانور پسند ہے۔ اس کی عادت، کھانا، شکار کا طریقہ، ان سب پر روشنی ڈالئے؟ 5

**یا**

کتوں کے ذریعہ خرگوش کے شکار کو اپنے الفاظ میں لکھیں؟

سوال نمبر 7۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجئے۔ کم از کم 10 جملوں میں: 8

I۔ افریقی ہاتھی اور ایشیائی ہاتھی میں کیا فرق ہے؟

II۔ مادہ خرگوش ایک جھول میں کتنے بچے دیتی ہے؟

III۔ تیتر اپنا گھونسلا کہاں بناتا ہے؟

IV۔ شیاماں جوڑا اپنا گھونسلہ تیار کرنے میں کتنے دن لگاتا ہے؟

سوال نمبر 8. ''ہیروئن کی تلاش'' ڈرامہ کے اہم کرداروں پر روشنی ڈالئے؟ 10

**یا**

ڈرامہ ہیروئن کی تلاش میں شو چرن کے کردار پر روشنی ڈالئے۔ یہ کردار آپ کے خیال میں کیسا ہے۔ مدلل جواب دیجئے؟

سوال نمبر 9. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے:

(i) ڈرامہ ''ہیروئن کی تلاش'' میں اہم کردار کون سا ہے۔ روشنی ڈالئے؟ 3

(ii) پورنما نے ہیروئن بننے کے لئے کیوں منع کر دیا؟ 2

(iii) کملا پتی ناتھ نے اپنی طالبِ علم نرملا کے بارے میں کیا بتایا؟ 3

(iv) رام رتن نے اپنی بیوی کو ڈرامہ میں کام نہ کرنے کی کیا وجہ بتائی؟ 2



Downloaded from cclchapter.com